اظہار یکجہتی سیمینار

مورخہ ۲-اگست کو تحفظ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان اور مرکزی اہلحدیث پاکستان کے زیر اہتمام ہالی ڈے ان ہوٹل اسلام آباد میں عراقی جارحیت کے خلاف اور مظلوم اسیران کویت کے ساتھ اظہار یکجہتی سیمینار کا اہتمام کیا جس میں سفیر سعودی عرب الشیخ اسعد الزہیر، سفیر کویت کے نمائندے قونصلر الشیخ محمد المطیری، نائب سفیر سعودی عرب الشیخ احمد محمد العجلان، پریس اتاشی سفارتخانہ سعودی عرب، الشیخ حمزہ القصاص اور دیگر عرب سفارت کاروں نے شرکت کی اس کے علاوہ امیر جماعہ الدعوہ الی القرآن والسنہ افغانستان الشیخ سمیع اللہ، شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا عبدالسلام رستمی، امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث اسلام آباد مولانا عبدالعزیز حنیف، امیر جمعیت اہلحدیث (صوبہ سرحد) پشاور مولانا عبدالسلام ہزاروی، مشہور کاتب قاری عبدالرشید قمر (لاہور) اور مولانا محمد بشیر مدیر معہد اللغہ العربیہ اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر سے بیشمار اہل علم و فضل حضرات شریک ہوئے۔ یہ سیمینار ہر لحاظ سے کامیاب رہا جہلم سے بیشمار لوگ بسوں اور اپنی گاڑیوں میں اسلام آباد پہنچے۔ اس موقع پر روزنامہ دن اسلام آباد نے خصوصی نمبر شائع کیا جب کہ اس سے چند روز قبل رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کا قبر پرستی کے خلاف ایک بھرپور تفصیلی انٹرویو شائع کیا۔

ڈاکٹر انجم گلزار محمدی اور راجہ انار گل ایڈوکیٹ کو صدمہ

گزشتہ دنوں ڈاکٹر صاحب کے والد محترم اور راجہ انار گل صاحب کے حقیقی بھائی جناب راجہ گلزار خان (ایس پی) کراچی میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم مسلک اہلحدیث کے سرگرم کارکن اور صوم و صلوۃ کے پابند تھے۔ کراچی کی جماعت کو ان کی وفات سے بڑا دھچکا لگا۔ ان کی نماز جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی

محمد سلیم علوی صاحب، عامر سلیم اور ان کے برادران کو صدمہ

گزشتہ دنوں محمد سلیم علوی صاحب کی والدہ محترمہ اور عامر سلیم کی دادی قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ بڑی متقی اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ اور باقاعدہ نماز ادا کرتی تھیں۔ ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

صوبیدار عبدالعزیز (کوٹلہ آئمہ) کی وفات

کوٹلہ آئمہ کی جماعت کے بزرگ کارکن صوبیدار عبدالعزیز صاحب طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے مرحوم کا جماعت کے پرانے بزرگوں میں شمار ہوتا تھا۔ ان کے انتقال سے جماعت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

ادارہ "حرمین" مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور انکی مغفرت کے لیے دعا گو ہے۔